سوال

(786) مردانہ لباس قمیص کو جو کف اور کالر لگائے جاتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مردانہ لباس قمیص کو جو کف اور کالر لگائے جاتے ہیں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ نہیں لگانے چاہییں۔ کیونکہ اس سے غیر مسلموں سے مشابہت ہوتی ہے؟ (محمد یونس شاکر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کالر میں یہ بات درست ہے۔ [1] ((لَیۡسَ مِنَّا مَنۡ تَشَبَّہَ بِغَیۡرِنَا۔)) ''وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے غیر (غیر مسلموں) سے مشابہت اختیار کرتا ہے۔'' ((مَنۡ تَشَبَّہَ بِقَوۡمٍ فَھُوَ مِنۡھُمۡ۔))[2] ''جو کسی قوم سے مشابہت کرتا ہے، وہ ان ہی سے ہے۔'' ٦، ١، ١٤٢٤ھ

1 ترمذی، ابواب الاستئذان، باب فی کراہیة اشارة الید فی السلام سلسلة الصحیحة۔ ٢١٩٤

2 ابو داوٗد، کتاب اللباس، باب فی لبس الشہرة۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 764

محدث فتویٰ